فوری ریلیز کے لیے: 23/11/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کے طبی قرض دار مریضوں کے تحفظ کے لیے قانون پر دستخط

قانون (S.6522A/A.7363A) بھاری طبی بلز کا سامنا کرنے والے مریضوں کو ان کی تنخواہوں یا جائیداد کے خلاف مخصوص سزاؤں سے بچاتا ہے

2022 اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ کا حصہ ہے تاکہ نیویارک کے صارفین کے تحفظ اور معاشی حالات کو بہتر بنایا جا سکے

گورنر Kathy Hochul نے آج قانون (S.6522A/A.7363A) پر دستخط کر دیے ہیں تاکہ بھاری طبی بلز کا سامنا کرنے والے مریضوں کو بچایا جا سکے جو کہ ان کی تنخواہ کی ضبطگی یا جائیداد کی قرقی کا باعث ہو سکتے ہیں۔

گورنر Hochul نے کہا کہ، "کسی کو بھی طبی نگہداشت حاصل کرنے کے بعد اپنا گھر کھونے یا مزید قرضوں میں ڈوبنے کا خوف لاحق نہیں ہونا چاہیئے۔" "مجھے فخر ہے کہ آج میں نے ایسے قانون پر دستخط کیے ہیں جو اس نقصان دہ اور وصول کاری کے ہتھکنڈے کا خاتمہ کرے گا تاکہ نیویارک کے شہریوں کو ان غیرمنصفانہ سزاؤں سے بچایا جا سکے۔ چونکہ طبی قرضہ بہت سے لوگوں کے لیے ایک بوجھ ہے، اس لیے یہ اس اہم مسئلے سے نمٹنے کے لیے ایک اہم قدم ہے۔"

قانون (S.6522A/A.7363A) شہری پریکٹس کے قانون میں ترمیم کرتا ہے اور صحت کے فراہم کنندگان پر طبی قرضے کی واپسی کے لیے کسی فرد کے گھر کی قرقی یا تنخواہ کی ضبطگی پر ممانعت عائد کرتا ہے۔ گورنر Hochul نے نیویارک کے صارفین کو تحفظ دینے اور ان کی معاشی حالت کو بہتر بنانے کے لیے اپنے 2022 اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ خطاب میں اپنے اہداف کے خدوخال واضح کیے تھے، جس میں طبی قرضوں سے نمٹنا اور صارفین کو بدسلوکی اور تعزیری روایات سے بچانا شامل ہے جو کہ اضافی اور ناجائز مالی دباؤ کا سبب بنتی ہیں۔

امریکہ میں تقریباً نصف کے قریب بالغ افراد طبی سہولیات کا خرچہ برداشت کرنے میں مشکلات کا سامنا کرتے ہیں، اور 50,000 سے زائد نیویارک کے باشندگان کو گزشتہ پانچ برس کے دوران طبی قرضوں کی وجہ سے مقدمے کا سامنا ہوا ہے؛ یہ مسئلہ سب سے زیادہ بالائی ریاست نیویارک میں ہے۔ اس سے قبل، ہسپتال یا صحت کے نگہداشت کاران طبی اخراجات کے مقدمے میں انصاف کی فراہمی کے لیے ایک مریض کی بنیادی رہائش گاہ پر قرقی نافذ کرنے اور وصول کرنے کے قابل تھے، جو نیویارک کے کمزور باشندگان کے لیے رہائشی عدم استحکام اور افسوسناک مالی نتائج کا باعث ہوتا تھا۔

ریاست کے سینیٹر Gustavo Rivera نے کہا کہ، "نیویارک کے باشندگان کو طبی نگہداشت حاصل کرنے کے نتیجے میں اپنا گھر یا اپنے ذرائع معاش کھو دینے کا خوف نہیں ہونا چاہیئے، خاص کر ایسے مشکل معاشی حالات میں۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے میرے بل پر دستخط کر کے اسے قانون بنایا تاکہ نیویارک کے باشندگان کو طبی اداروں کی جانب سے طبی قرضوں کی واپسی کی خاطر ان کے گھروں کی قرقی یا تنخواہوں کی ضبطگی سے بچایا جا سکے۔ ہم سب کو اپنی ریاست سے طبی قرضے کے خاتمے کے لیے مل جل کے کام کرنا چاہیئے اور میں پُرجوش ہوں کہ ہم یہ پہلا اہم قدم اٹھا رہے ہیں۔"

رکنِ اسمبلی Richard Gottfried نے کہا کہ،"نیویارک کے باشندگان انشورنس کی موجودگی میں بھی طبی نگہداشت کے اخراجات کی وجہ سے مشکل کا شکار ہوتے ہیں۔ نگہداشت کے متمنی لوگوں کے ہاتھ آخر میں ایسے بل آتے ہیں جس کی قیمت ہمیشہ بڑھتی ہوئی اور ان کی گنجائش سے باہر ہوتے ہیں جس میں زیادہ کٹوتیاں، اشتراکی ادائیگیاں اور ایسی متعدد فیسیں ہوتی ہیں جن کا احاطہ انشورنس میں نہیں ہوتا ہے۔ طبی قرضوں کی واپسی کے لیے لوگوں کے گھروں یا آمدنی کو خطرے سے دوچار نہیں کرنا چاہیئے۔ بل S.6522A/A.7363A پر دستخط کے ذریعے اس کو قانون کی شکل دینے پر میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ سینیٹر Rivera، دیگر آئین ساز ساتھیوں اور حامیوں، خاص کر کمیونٹی سروس سوسائٹی کی مسلسل سخت محنت اور وکالت کے بغیر اس بل کا حصول ممکن نہیں تھا۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418